## الطاف حسین نے اپنی تنظیم اور عملی سیاست کیلئے حیات طیبہؐ سے رہنمائی حاصل کی، علامہ تنویر الحق تھانوی

## متحدہ، نظم وضبط کا نام ہے، الطاف حسین نے حسب روایت رسول اللہ ﷺ سے اپنی عقیدت ومحبت کا ثبوت دیا ہے، ڈاکٹر عامر اللہ محمدی

## الطاف حسین نے اس محفل کو سجا کر آج ذکر مصطفیؐ کو بلند کیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ بھی ان کے ذکر کو بلند فرمائے گا، ڈاکٹر قاری حافظ جمیل راٹھور

## اللہ تعالیٰ کی اطاعت ممکن ہی نہیں جب تک رسول اللہ ﷺ کی اطاعت نہ ہو، عباس کمیلی

## الطاف حسین کی تحریک متحدہ قومی موومنٹ نبیؐ کی سنت پر عمل پیرا ہے، سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ

## بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں حضرات الحاج صدیق اسماعیل، الحاج سعید ہاشمی، قاری وحید ظفر قاسمی ، امجد صابری، نعیم عباس روفی اور ناصر یامین نے بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہفتے کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں رات گئے تک جاری رہنے والی محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے مختلف مسالک کے علمائے کرام نے اس بات پر زور دیا کہ رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ صرف مسلمانوں کیلئے ہی نہیں بلکہ تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے آپؐ کی سیرت طیبہ پر عمل کر کے ہی امت مسلمہ اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکتی ہے۔ انہوں نے محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ کے شاندار انعقاد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کی تعریف کی اور دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں پر بھی زور دیا کہ وہ بھی ملک کی سلامتی، دہشتگردی سے نجات، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے قیام کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی طرز پر ایسی محافل ذکر مصطفیٰ ﷺ ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ منعقد کریں کیونکہ محض سیاسی انداز فکر اختیار کر کے مسائل حل نہیں کیے جاسکتے ہمیں حیات طیبہؐ سے ہی لازماً رہنمائی حاصل کرنا ہوگی۔ محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے علامہ تنویر الحق تھانوی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنی تنظیم اور عملی سیاست کیلئے حیات طیبہؐ سے رہنمائی حاصل کی ، انہوں نے جس عملی سیاست کا آغاز کیا اس مشن ومقصد کی تکمیل کیلئے ہمارے بہت سے ساتھیوں نے قربانی دی اور وہ اس دنیا فانی سے رخصت ہو گئے اللہ تعالیٰ اس محفل کی برکتوں کے صدقے ان کی مغفرت فرمائے اور ان کی قربانیوں کو قبول کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سعادت صرف الطاف حسین کے حصے میں آئی جنہوں نے اپنی دانشمندی سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیا اور اتحاد بین المسلمین کے قیام کا عملی مظاہرہ کر کے دکھا دیا۔ الطاف حسین کی مبارک کوششیں اب بھی جاری ہیں، اس روح پرور محفل کا تقاضہ ہے کہ ہم یہاں سے اللہ تعالیٰ کی رحمتیں لیکر گھروں کو جائیں۔

ڈاکٹر عامر اللہ محمدی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نظم وضبط کا نام ہے، متحدہ قومی موومنٹ اور قائد تحریک الطاف حسین نے حسب روایت رسول اللہ ﷺ سے اپنی عقیدت ومحبت کا ثبوت دیا ہے اور یہ خوبصورت روح پرور محفل منعقد کی۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہؐ نے ایک کلمے کی بنیاد پر سب کو یکجا کیا اور آج آپؐ کا کلمہ پڑھنے والے نظم وضبط میں رہتے ہوئے ایک ہیں، صلح حدیبیہ کا معاہدہ نظم وضبط اور دستور کے قانون کا معاہدہ ہے جس میں واضح ہے کہ تمہارا دین تمہارے ساتھ اور میرا دین میرے ساتھ ہے۔

ڈاکٹر قاری حافظ جمیل راٹھور نے کہا کہ میں بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس محفل کو سجا کر آج ذکر مصطفیؐ کو بلند کیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ بھی ان کے ذکر کو بلند فرمائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ذکر کی محفلیں سجانے والے عاشقان رسولؐ کو عنوانوں کی ضرورت نہیں ہوتی اور محفل ذکر مصطفیؐ ایسا عنوان ہے جو سب سے افضل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ملک میں ہر طرف جنونی لوگ گھوم رہے ہیں اور دہشت گردی کا بازار گرم ہے، نفسہ نفسی کا عالم ہے ایسے وقت میں الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے یہ محفل ذکر مصطفیؐ منعقد کر کے سارے جنون توڑ دیئے اور یہاں آنے والوں کو ایک لڑی میں پیروکران پر سکون طاری کر دیا ہے کیونکہ سکون ہے تو صرف ذکر مصطفیٰ میں ہے۔

علامہ عباس کمیلی نے کہا کہ ارشاد باری ہے کہ تمہارے لئے بہترین نمونہ رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہے، 313 رسول آئے اور یہ سارے انبیاء ہمارے لئے واجب الاحترام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ عاشقان رسول کی محفل کوئی رسم یا روایات نہیں ہمیں فکر مصطفیٰ ﷺ کو لے کر آگے بڑھنا ہے اور فکر مصطفیٰ ﷺ کو سمجھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول

اللہ ﷺ کی سیرت قیامت تک نمونہ ہے اور حضور اکرم ﷺ کے ذکر مبارک کے ساتھ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کی پیروی بھی لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت ممکن ہی نہیں جب تک رسول اللہ ﷺ کی اطاعت نہ ہو اور اللہ کی اطاعت کیلئے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ خاتم النبین ہیں، ماضی میں جتنے بھی انبیاء آئے، رسول آئے ان کی نبوتوں اور رسالتوں کا دائرہ محدود تھا آپ ﷺ کی رسالت کا دائرہ محدود نہیں لامحدود ہے۔

حق پرست سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ نے کہا کہ پورا قرآن توحید اور اللہ کے رسول ؐ کے ذکر کے سوا کچھ بھی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے کھربوں انسانوں میں سے اپنے نبی ﷺ کو پیدا کر کے انسانوں پر عظیم احسان فرمایا ہے مکہ کے لوگوں نے مہاجرین مدینہ کی دیانت، ایمانداری اور قابلیت کو دیکھتے ہوئے انہیں حق حکمرانی دیا اللہ کے رسول ؐ کی سنت پر چلنے والا کوئی غریب نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کی تحریک اللہ کے حکم اور رسول ؐ کی سنت پر مبنی ہے، حضرت آدم علیہ سلام سے لیکر اللہ کے رسول ؐ تک سب نے ظالموں کے سامنے کھڑا ہونے کا درس دیا اسی مقصد کیلئے الطاف حسین زندگی اور محنت صرف کر رہے ہیں۔ قائد تحریک الطاف حسین کی تحریک متحدہ قومی موومنٹ نبی ؐ کے اصولوں پر عمل پیرا ہے ہم اکثر مختلف مسالک کے ماننے والوں کی محافل میں علیحدہ علیحدہ جاتے ہیں لیکن جب الطاف حسین کی محفل میں آتے ہیں تو یہاں سب مسالک اور عقیدے کے ماننے والے ایک جگہ ہوتے ہیں۔ محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ میں بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں حضرات الحاج صدیق اسماعیل، الحاج سعید ہاشمی، قاری وحید ظفر قاسمی، امجد صابری، نعیم عباس روفی اور ناصر یامین نے بارگاہ رسالت ؐ میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ محفل ذکر مصطفیٰ کی بابرکت محفل کے اختتام پر امجد صابری، یحییٰ ماجی، ناصر یامین، محمد علی گوہر، ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ، ناظم الدین نظامی اور دیگر نے بارگاہ رسالت ؐ میں سلام پڑا اور خشوع وخضوع سے دعا کرائی۔ آخر میں ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد نے محفل میں شرکت پر علمائے کرام، ثناء خواں اور دیگر مہمانان گرامی سمیت حاضرین محفل کا شکریہ ادا کیا۔

## جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے تحت ہفتہ کو بعد نماز عشاء پرنور محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ منعقد کی گئی محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ نعرہ رسالت یارسول اللہ، نعرہ تکبیر اللہ اکبر، نعرہ حیدری یا علی کے نعروں سے گونجتی رہی

کراچی۔۔۔28، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ہر سال کی طرح امسال بھی 27، مارچ بروہفتہ کو بعد نماز عشاء عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں پرنور محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ منعقد کی گئی جو رات گئے تک جاری رہی جس میں ملکی و بین الاقوامی شہرت یافتہ ثناء خواں نے بارگاہ رسالت ؐ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے جبکہ ممتاز عالم دین ومعروف علمائے کرام، مشائخ وعظام اور ذاکرین نے خصوصی شرکت کی اور سیرت النبی ﷺ پر روشنی ڈالی۔ روح پرور محفل میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر محمد فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت، مصطفیٰ کمال، کنور نوید جمیل، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک، کیف الوائی، اشفاق منگی کے علاوہ حق پرست وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی، عوام بالخصوص بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل ذکرِ مصطفیٰ ؐ کی مقدس محفل کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور لال قلعہ گراؤنڈ کو برقی قمقموں سے خوبصورتی سے سجایا گیا۔ پنڈال میں سامنے کی جانب بڑا اسٹیج بنایا گیا تھا، عزیز آباد کا پورا علاقہ بعقہ نور بنا ہوا تھا، اسٹیج کے عقب میں بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر خانہ کعبہ، مسجد نبوی ؐ اور روزہ اقدس مبارک کا عکس نمایاں تھا۔ پنڈال میں شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا محفل ذکر مصطفیٰ ؐ کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس موقع پر علماء کمیٹی کے رکن مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی نے آیات قرآنی کی تلاوت اور ترجمہ کی سعادت حاصل کی، محفل میں نظامت کے فرائض محمد علی گوہر اور شریف علی رعنا نے انجام دیئے۔ محفل ذکر مصطفیٰ ؐ میں ملکی و بین الاقوامی شہریت یافتہ نعت خواں الحاج صدیق اسماعیل، قاری وحید ظفر قاسمی، الحاج سعید ہاشمی، امجد صابری، ناصر یامین اور نعیم عباس روفی نے بارگاہ رسالت ؐ میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ علامہ تنویر الحق تھانوی، ڈاکٹر عامر عبداللہ، ڈاکٹر علامہ جمیل راٹھور، مذہبی اسکالر سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ، عباس کمیلی، علامہ علی کرار، علامہ آغا نادر، اطہر مشہدی، قاری عبدالحی اور علامہ یوسف حسین کے علاوہ سید ناظم علی نظامی نے خصوصی شرکت کی اور سیرت النبی ؐ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور روح پرور محفل منعقد کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران و

کارکنان کومبارکباد پیش کی۔محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ نعرہ رسالت یارسول للہ،نعرہ تکبیر اللہ اکبر،نعرہ حیدری یاعلی کے نعروں سے گونجتی رہی جبکہ لال قلعہ گراؤنڈ اورعزیز آباد کی فضائیں سبحان اللہ اور ماشاء اللہ کی صداؤں سے بلند ہوتی رہیں۔آخر میں بارگاہ رسالتؐ میں سلام پیش کیا گیااور دعا کی گئی۔محفل کے اختتام پرایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد نے نعت خواں،علمائے کرام ومشائخ وعظام اورحاضرین محفل کا اپنی اورقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆